''میں ٹھیک ہوں، تم ٹھیک ہو''؛ ''یہاں کوئی ایسی چیز نہیں جیسے ایک برا لڑکا'' اور یہاں کوئی موتی نہیں ہے، نہ ہی کوئی ایسی چیز جو پاک ہے۔
اخلاقی لاادری مسیح کی پیروی نہیں کر سکتی۔

اب مسیح نہ صرف امید کرتا ہے کہ مسیحی اخلاقی رائے دیں؛ وہ ہمیں بتاتا ہے کہ ان کو کیسے بنانا ہے: ''ظاہر کے موافق فیصلہ نہ کرو بلکہ انصاف سے فیصلہ کرو'' (یوحنا 7:24) آدم اور حوا کا باغ میں گناہ ظاہر کے مطابق فیصلہ کرنا تھا؛ ان کا گناہ حقیقت نہیں تھا جو انہوں نے فیصلہ کیا؛ نہ ہی یہ حقیقت ہے کہ انہوں نے رائے کی اپنی انسانی صلاحیت استعمال کی یہ فیصلہ کرنے میں کہ آیا انہیں خدا کی فرمانبرداری کرنی ہے یا نافرمانی۔ ذی شعور ہونے کی وجہ سے ہم سب کو مسلسل اپنی رائے کا استعمال کرنا چاہیئے یہی ذی شعوری کے تصور میں شامل ہے۔ 14 آدم اور حوا کا گناہ فیصلہ کرنے میں نہیں آتا، بلکہ رائے کا غلط معیار قائم کرنے میں آتا ہے۔ خدا کے تجویزی ظہور کے معیار کے مطابق فیصلہ کرنے کی بجائے انہوں نے اپنے احساسات کے ثبوت کے ذریعے فیصلہ کرنے کا انتخاب کیا، ''ظاہر کے مطابق'':

عورت نے بھی دیکھا تھا کہ وہ درخت کھانے میں اچھا اور دیکھنے میں خوشنما اور عقل حاصل کرنے میں خوب معلوم ہوتا ہے۔ تو اس نے اس کے پھل میں سے لیا۔ اور کھایا۔ اور اپنے شوہر کو بھی دیا۔ اور اس نے کھایا۔ (تکوین 3:6)

آدم اور حوا کا گناہ ان کا نجی انصاف کا استعمال نہیں تھا جیسا کہ کچھ ہمہ گیر ماہر دینیات نہ تجویز کیا، بلکہ ان کی تجویزی ظہور سے ترک برداری جو تمام فیصلے کرنے کا واحد معیار ہے۔ آدم اور حوا خدا کے کلام پر یقین نہیں کرتے تھے اور ان کی لایقینی نے ان کو جدا کر دیا اور ان کی تمام اولاد خدا سے

قدرتی پیداوار کے ذریعے پیدا ہوئی۔ 15ظاہر کے مطابق انصاف کرنا بھی یہودیوں کا گناہ تھا جیسا یوحنا 7 میں آیا، جب مسیح نے انہیں حکم دیا کہ ''صحیح انصاف کرو'' نہ کہ ظاہر کے مطابق۔ اخلاقی انصاف کرنا سنجیدہ معاملہ ہے۔ ایسا انصاف کرنے کے معیار کی حیثیت سے ہمیں خدا کے کلام کا استعمال کرنا چاہیئے اور ہمیں اس کلام کو سمجھنے کیلئے محنت کرنی چاہیئے خدا کی عبادت کرنا ہمیں اس کے کلام کے اصولوں کو مخصوص انسانوں، خیالوں اور واقعات پر لاگو کرنے کیلئے حکمت عطا کرے گا۔

اشعیاء کے مطابق پہلے آدم کے برعکس، دوسرا اور آخری آدم ظاہر کے مطابق فیصلہ نہیں کریں گے:

لیکن یسّی کے تنہ سے ایک کونپل نکلے گی۔ اور اُس کی جڑ سے ایک نونہال اُگے گا۔ اور اُس پر خداوند کی رُوح ٹھہرے گی۔ یعنی حکمت اور فہم کی رُوح۔ مشورت اور قُوت کی رُوح۔ معرفت اور خداوند کے خوف کی رُوح اور خداوند کے خوف میں اس کی خوشنودی ہوگی۔ وہ نہ اپنی آنکھوں کے دیکھنے کے مطابق انصاف کرے گا۔ اور نہ اپنے کانوں کے سُننے کے مُوافق فیصل کرے گا۔ بلکہ مسکینوں کا عدل سے اِنصاف کرے گا۔ اور زمین کے غریبوں کا راستی سے فیصلہ کرے گا (اشعیا 11: 1-4)

یاد رکھیں کہ ان تمام پیروں میں بنیادی طور پر یہ فیصلہ نہیں کرتے جس کی مذمت کی گئی ہے۔ بلکہ غلط معیار کے مطابق فیصلہ کر رہے ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم نے رومیوں 14 میں پولوس کے الفاظ کو کیسے سمجھنا ہے:

تُم کون ہوتے ہو کہ دوسرے کے ملازم کا انصاف کرو؟ اس کا اپنا مالک اسے کھڑا کرے یا گرائے۔۔ پر تُم کیوں اپنے بھائی کا انصاف کرتے ہو؟ اور تُم اپنے بھائی کیلئے کیوں حقارت دِکھاتے ہو؟ چونکہ ہم سب کو مسیح کی انصاف کی کُرسی کے سامنے پیش ہونا ہے۔۔ پس پھر ہم سب کو خدا کے سامنے اپنا حساب دینا ہے۔ اِس لئے ایک دوسرے کا مزید انصاف نہ کرو، بلکہ اس کا حل کرو، اپنے بھائی کی راہ میں پتھر نہ اٹکائے یا اُس کی راہ میں گرنے کی وجہ نہ ہو۔

اِس پیرے میں پولوس ''مشکوک والی چیزوں'' کے بارے میں بول رہا ہے۔ وہ چیزیں جن کے بارے میں بھائی فرق کرسکتے ہیں۔ جب انجیل کا واضح بیان نہ ہو یا انجیل سے کوئی واضح رائے نہ ہو جس سے انصاف کیا جاسکے تو ہمیں درحقیقت انصاف نہیں کرنا چاہیئے؛ ہمیں اپنی ذات کو ترک کر دینا چاہیئے کیونکہ ان معاملات میں ہم اپنی ذاتی رائے، اپنا انصاف کا معیار پیش کر رہے ہوتے ہیں۔ یہ انصاف کی وہ قسم ہے جس کی پولوس نے اِس پیرے میں مذمت کی ہے؛ اس نے خدا کے کلام کے مطابق انصاف کرنے کی مذمت نہیں کی ہے۔ پولوس نے مسیحیوں کو حکم دیا ہے۔ جیسا کہ کرنتھ کو مسیحیوں کو کہ گرجا گھروں کے ارکان کا ان کے قصوں پر انصاف کرو۔ یہ انصاف کرنا نہیں ہے بلکہ غلط انصاف کرنا ہے؛ جس کی پولوس نے مذمت کی ہے۔ پولوس کے الفاظ کا غلط مطلب گرجا گھر کے نظم و ضبط کے حقیقی غائب ہونے کی وجہ ہے۔

یعقوب کا اپنے خط کے چوتھے باب میں غیر قانونی انصاف سے خبردار کرنا ایسا ہی ہے:

اَے بھائیو تُم آپس میں ایک دوسرے کی بدگوئی نہ کرو جو بھائی کی بدگوئی کرتا یا اُس پر اِلزام لگاتا ہے شریعت کی بدگوئی کرتا ہے یا اُس پر اِلزام لگاتا ہے۔ لیکن اگر تُو شریعت پر اِلزام لگاتا ہے تو تُو شریعت پر عمل کرنے والا نہیں بلکہ اُس کا منصف ہے۔ شریعت دہندہ اور مُنصف تو ایک ہی ہے یعنی وہ جو ہلاک کرنے اور بچانے پر قادر ہے۔ لیکن تُو کون ہے جو پڑوسی پر اِلزام لگاتا ہے؟

یعقوب اپنے اندر ایک مُنصف رکھتا ہے جو اپنے انصاف کے معیار کے مطابق اپنی رائے قائم کرتا ہے۔ خُدا کے کلام کے علاوہ انصاف کا کوئی اور معیار اختیار کرنا،

14 رومین کیتھولک چرچ کی سرکار نجی رائے کے خلاف زور دیتی اور چلتی ہے؛ جس کا اس کو خوف ہے وہ ذی شعوری ہے۔

15 یہ وہ وجہ ہے کہ کیوں ایمان ہمیں مسیح میں متحد کرتا ہے۔

شخص بذاتِ خُود شریعت کا انصاف کرتا ہے۔ لیکن یعقوب ہمیں یاد دِلاتا ہے کہ صرف ایک ہی شریعت دہندہ ہے اور محض کوئی آدمی نہیں (یا انسانوں کا گروہ) جس کے پاس یہ صلاحیت ہو کہ شریعت کی طرح اپنی رائے قائم کرے۔

ہمیں بہت سے حکم دیئے گئے کہ اپنے تصورات اور اپنے خیالات کو فراموش کریں اور خُدا کی حکمت پر غور کریں جو ہم پر انجیل میں ظاہر ہوئی اور اپنی ساری سوچ کو مسیح کی گرفت میں دیں۔ لیکن انجیل میں کہیں نہیں آیا کہ منطق کو فراموش کر دیں، دِل کو ترک کریں یا ذی شعوری کے تعلّے کو رد کر دینا۔ 16 درحقیقت اپنی تمام سوچوں کو مسیح کی گرفت میں لانے کیلئے ہم کم سے کم ذی شعور نہ ہوں، بلکہ زیادہ سے زیادہ ذی شعور، کیونکہ مسیح کلام ہے، منطق اور خُدا کی حکمت ہے۔ نجی سووں پیروں میں علم، حکمت اور سمجھ کی تعریف کرتا ہے اور اُکساتا ہے . . . حکم دیتا ہے . . . تمام انسان پر جوش طریقے سے اُس کی تلاش کریں۔ یہ امثال کی کتاب اور زبور 119 واضح طور پر دِکھاتا ہے۔ انجیل کا مرکزی حصہ علمیات سے متعلق ہے: ہم خُدا کو کیسے جان سکتے ہیں؟ لیکن جو سوچتے ہیں کہ خُدا (یا کائنات) غیر منطقی یا لاشعور ہے یہی سوچتے ہیں کہ انسان بھی ایسا ہی ہے۔ ایسے خیالات نہ صرف مسیحی مخالف ہیں بلکہ خُود کو بیوقوف بناتا ہے: کوئی بھی منطق کے قوانین کو استعمال کیے بغیر لاشعوری کی خاصیت کی پسندیدگی کا اظہار نہیں کر سکتا جو اُس نے ناپسند کی۔ بولنے کیلئے اور سوچنے کیلئے دلیل بیزار کو تضاد کا قانون استعمال کرنا چاہیئے۔ وہ منطق اور ذی شعوری کے خلاف جنگ نہیں جیت سکتے؛ نہ ہی وہ اِسے بیان کر سکتا ہے، اور کلام جیتا ہے۔ اِس لئے وہ شاگرد جو اپنے دِل میں خاموشی سے کہتا ہے کوئی اکیلا آواز بلند کرے کہ یہاں کوئی خُدا نہیں ہے وہ بیوقوف ہے: اُسے ضرور منطق کا استعمال کرنا چاہیئے جو ہر انسان کو نُور عطا کرتی ہے حتیٰ کہ یہ سوچنے کیلئے کہ یہاں کوئی نُور نہیں ہے۔

اب یہ بہت ہی اہم معاملہ ہے کہ آج کے گرجا گھروں میں شعور کی کمی، امتیاز کرنے میں ہچکچاہٹ، اخلاقی رائے پیش کرنے کا تنفر . . . اس سب کا مطلب یہ ہے کہ مناسب امتیازات نہیں کیئے گئے اور راست رائے پیش نہیں کی گئی۔ اِس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ امتیازات اور رائے سرے سے پیش ہی نہیں کیئے گئے۔ حتیٰ کہ اگر کوئی سوچے بھی تو اُسے ضرور امتیاز کرنا چاہیئے اور رائے پیش کرنی چاہیئے۔ جیسا کہ لاشعور مہلک طور پر اِس حقیقت سے لاعلم ہیں کہ اُنہیں لاشعوری کی تجویز دینے کیلئے ذی شعوری کا استعمال کرنا چاہیئے پس اخلاقی لاادری وہ انسان جو آراء قائم کرنے کی مخالفت کرتا ہے . . . وہ مہلک طور پر اِس حقیقت سے لاعلم ہے کہ اُسے اپنی حالت بیان کرنے کیلئے لازماً رائے دینی چاہیئے۔ یہ رائے کہ اخلاقی لاادری لاشعوری طور پر یہ جتاتی ہے کہ "دوسروں پر عیب لگانا غلط ہے"۔ لیکن اخلاقی لاادری اِس رائے کے ساتھ رُک نہیں سکتی؛ وہ شوق کے ساتھ ایک اور پیش کر سکتا ہے: "جو دوسروں کا غلط انصاف کرتے ہیں۔" اور اِن دو اخلاقی آراء میں ہم خُود کو بیوقوف بنانا، خُود کو ترک کرنے کی فطرت کے تصور کو واضح طور دیکھ سکتے ہیں کہ کوئی اخلاقی آراء قائم نہ کرے۔ اگر وہ جو دوسروں کا انصاف کرتے ہیں غلط ہیں، جیسا کہ اخلاقی لاادری کہتی ہے، تو پھر اخلاقی لاادری غلط ہے کیونکہ یہ اُن کا انصاف کرتی ہے جو رائے دیتے ہیں۔ اِس لئے بائبل نہ ہی مذمت کرتی ہے نہ ہی اُن کو حکم دیتی ہے جو رائے قائم نہیں کرتے . . . یہاں کوئی ایسے لوگ نہیں ہیں . . . بلکہ اُن کی مذمت کرتی ہے جو جُھوٹی رائے دیتے ہیں، جو اچھے کا بُرا اور بُرے کو اچھا کہتے ہیں:

افسوس اُن پر جو بدی کو نیکی اور نیکی کو بدی کہتے ہیں۔ جو تاریکی کو روشنی اور روشنی کو تاریکی بنا دیتے ہیں جو کڑوے کو میٹھا اور میٹھے کو کڑوا جانتے ہیں۔ افسوس اُن پر جو اپنی نگاہ میں دانا اور اپنی رائے کے مُطابق عاقل ہیں۔ (اشعیاء 5:20-21)

اچھائی کا بُرائی سے، صحیح کا غلط سے، سچ کا جُھوٹ سے امتیاز کو ترک کرنے کے ذریعے . . . یعنی ڈھیر سارا منطق اور ذی شعوری حاصل کر لینے سے ایک شخص بُری رائے قائم کرنے میں محض کامیاب ہو جاتا ہے۔ وہ اچھے کا بُرا اور بُرے کو اچھا کہتا ہے۔ یہ انسان ہی ہے جو منحرف آراء قائم کر لیتا ہے جس کی بائبل مذمت کرتی ہے۔ طنزیہ طور پر سب سے حذف ہوئے انسان وہ ہیں جو اُس کی مذمت کرتے ہیں جو ایک اخلاقی رائے قائم کرتا ہے۔

انجیل مسیحیوں کو بار بار حکم دیتی ہے کہ تمام چیزوں کا "امتحان" کریں، "کوشش" کریں، "فیصلہ" کریں، اور "شہادت" کریں۔ مثال کے طور

پر 1 تسالونیکیوں 5:21 میں پولوس ہمیں حکم دیتا ہے کہ "سب باتوں کا امتحان کرو جو اچھی ہو اُسے پکڑے رہو"۔ اشعیاہ ہمیں ان الفاظ میں حکم دیتا ہے:

اور جب وہ تُم سے کہیں کہ اِن بُوبُوانے اور پُھسپُھسانے والے ساحروں اور رغیب دانوں سے دریافت کرو۔ جو کہتے ہیں کہ کیا اُمت کو نہیں چاہیئے کہ اپنے معبودوں سے اور زندوں کی خاطر مُردوں سے سوال کرلیں۔ بلکہ شریعت اور شہادت سے سوال کرو۔ جو کوئی اس کلام کے مطابق بات نہ کرے۔ اُس کے لئے صُبح روشن نہ ہو گی۔ (اشعیاء 20-8:19)

یوحنا ہمیں بتاتا ہے، "اے پیارو! تُم ہر ایک رُوح کو نہ مانو بلکہ رُوحوں کو آزماؤ کہ وہ خُدا کی طرف سے ہیں یا نہیں کیونکہ بہت سے جُھوٹے نبی دُنیا میں نکل کھڑے ہُوئے ہیں" (1 یوحنا 4:1)۔ اور اُس کی انجیل میں، "ظاہر کے مُوافق فیصلہ نہ کرو بلکہ اِنصاف سے فیصلہ کرو" (یوحنا 7:24)۔ امثال میں ہمیں حکم دیا گیا: "اپنا مُنہ کھول اور عدل سے حکم کر اور غریب اور مسکین کا انصاف کر" (31:9)۔ پولوس چرچ کی ملاقاتوں کیلئے درس دیتے ہوئے کہتا ہے، "نبیوں میں سے دو یا تین بولیں اور باقی پرکھیں" (1 کرنتھیوں 14:29)۔ انجیل ہمیں حکم دیتی ہے کہ خُدا کے کلام کے علاوہ ہر بات کی تشکیک کریں، اور تمام باتوں کا کلام کے ذریعے انصاف کریں۔

16 امثال 3:5 میں حکم دیا "اپنے سارے دل سے خُداپر بھروسہ کرو اور اپنی سمجھ پر اتکفانہ کرو" یہ ذی شعور ہونے کا حکم نہیں ہے، بلکہ سچ کو خُدا کے تحفے کے طور پر قبول کرنا ہے، بجائے اِس کے اپنی ذاتی مشاہدے اور رائے کو عزیز رکھا جائے۔ بیریا کے لوگوں کو حکم دیا کہ ایک نبی کی تعلیم کا بھی خُدا کے کلام کے ذریعے جائزہ لیں

اِس تمام میں مسیحی اپنی ذی شعوری کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ پولوس نے اپنے خطوط میں بار بار اخلاقی رائے قائم کی ہیں۔ مثال کے طور پر رومیوں 1 میں پولوس نے لکھا ہے: "خُود کو عقلمند تسلیم کرنے سے وہ بیوقوف بن جاتے ہیں۔" 1 کرنتھیوں 5 میں وہ لکھتا ہے، "اور تُم پُھولتے ہو۔" آیات 11 سے 13 میں وہ مزید درس دیتا ہے:

مگر میں نے اب تمہیں یہ لکھا ہے کہ اگر کوئی بھائی کہلا کر حرام کار یا لالچی یا بُت پرست یا طعنہ زن یا شرابی یا ظالم ہو تو تُم اس سے میل نہ رکھو بلکہ ایسے کے ساتھ کھانا تک نہ کھانا۔ کیونکہ باہر والوں پر فتویٰ دینے سے مُجھے کیا واسطہ۔ کیا تُم اُن کا جو اندر رہیں اِنصاف نہیں کرتے؟ خُدا ہی باہر والوں پر فتویٰ دے گا۔ پَس اُس بُرے شخص کو اپنے درمیان سے نکال دو۔"

یہاں پولوس انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے، امتیاز کرنے اور گرجا گھر کے چند اشخاص کا جائزہ لینے کا جیسے حرام کار، لالچی، بُت پرست، طعنہ زن، شرابی اور ظالم یہ اِس حکم کی پیروی کرتا ہے کہ ایسے آدمیوں سے کوئی واسطہ نہ رکھو۔ یہ گرجا گھر کے نظم و ضبط کا مظاہرہ کرنے کا حکم ہے۔ لیکن گرجا گھروں میں اخلاقی لاادری ہے، کیونکہ وہ اخلاقی رائے پیش کرنے، نظم و ضبط کے مخالف ہیں اور ساتھ ہی ساتھ علیحدہ کرنے، جس نقطے پر ہم جلد آئیں گے۔

پولوس انصاف کرنے کی بحث جاری رکھتا ہے:

کیا تُم نہیں جانتے۔ کہ مُقدسین دُنیا کی عدالت کریں گے؟ پَس جب کہ تُم دُنیا کی عدالت کرو گے تو کیا تُم چھوٹی سے چھوٹی باتوں کی عدالت کرنے کے لائق نہیں؟ کیا تُم نہیں جانتے کہ ہم فرشتوں کی عدالت کریں گے تو کتنا زیادہ دُنیوی چیزوں کی؟ (1 کرنتھیوں 3-6:2)

یہاں پولوس مسیحیوں سے انصاف کی اُمید رکھتا ہے؛ وہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ انصاف کریں۔ پولوس نے خود کچھ انسانوں کو "بیوقوف" (غلاطیوں 3:1)، "کُتے" اور "بُرے کام کرنے والے" (فلپیوں 3:2)، ساتھ ہی ساتھ "مُقدس" کہا ہے۔

لیکن اخلاقی لاادری کی کیا ترغیب ہے جو ہمیں دوسروں کا انصاف نہ کرنے پر اکساتی ہے اور ایسا کرنے کی مذمت کرتی ہے؟ یہ فیس رسائی یا صبر

نہیں ہے۔ ایک ترغیب بالکل واضح ہے: اخلاقی لاادری انصاف کو خُود کرنا چاہتی ہے۔ وہ سوچتی ہے کہ اگر کسی کو دوسروں کا انصاف کرنے کی اجازت نہ دی جائے تو پھر وہ خُود انصاف کرے گی۔ پولوس رومیوں 1 میں واضح کرتا ہے کہ گنہگار سچ کو (جس کو وہ فطری طور پر جانتے ہیں) بے انصافی میں کُچل دیتے ہیں، اِس لئے کہ وہ خُدا کو اپنے علم میں نہیں رکھنا چاہتے، کیونکہ خُدا کا غضب ساری خُدا پرستی اور بے انصافی کے خلاف آسمان سے ظاہر ہوا ہے۔ انسان، ''خُدا کے راست رائے کو جانتے ہوئے، جو اِن جیسی چیزوں کو عمل میں لاتے ہیں موت کے لائق ہیں، وہ صرف یہی نہیں کرتے بلکہ اُن کی بھی تصدیق کرتے ہیں جو ایسا کرتے ہیں''۔ انصاف کو بھگانے کیلئے اخلاقی رائے پر قتویٰ گنہگاروں کی ناکام کوشش ہے۔

پولوس نے کہا ہے کہ اخلاقی مادہ پرستی بے کار ہے، بے شک کوئی دوسروں کے گنہگار اعمال کی مذمت کرے یا تصدیق کرے:

پس اَے انسان تُو جو عیب لگاتا ہے۔ تُو کوئی کیوں نہ ہو۔ تیرا کُچھ عُذر نہیں۔ کیونکہ جس بات میں تُو دوسرے پر عیب لگاتا ہے اُسی کا تُو اپنے آپ کو گنہگار ٹھہراتا ہے۔ کیونکہ تُو خُود بھی وہی کام کرتا ہے جس کا عیب تُو لگاتا ہے۔ اور ہم جانتے ہیں کہ ایسے کام کرنے والوں پر خُدا کی عدالت حق کے موافق ہوتی ہے۔ اَے اِنسان تُو جو ایسے کام کرنے والوں پر عیب لگاتا اور خُود بھی کرتا ہے۔ کیا یہ خیال کرتا ہے کہ تُو خُدا کی عدالت سے بچ نکلے گا؟ (رومیوں 3-2:1)

ایک ترغیب جو اخلاقی مادہ پرستی کے پیچھے ہے وہ اپنے عزیز گُناہوں کیلئے خُدا کے انصاف سے بھاگنا ہے۔ اِس کا مقصد بے ندامت گنہگاروں کو بغیر مذمت اور بغیر سزا کے بھاگ جانے کی اجازت دینا ہے۔ جب ایک اخلاقی لاادری دلیل دیتا ہے کہ ہمیں اچھے اور بُرے کا انصاف نہیں کرنا چاہیئے تو اُس کی نصیحت کی جب پیروی کی جاتی ہے تو اِس کا فائدہ صرف بُرائی کو ہوتا ہے اور یہ اچھے کو نقصان پہنچاتی ہے۔ راست معاملے کا انصاف کرنے کو ترک کرنا کوئی غیر جانبداری یا صبر نہیں ہے؛ یہ اچھائی پر ایک حملہ اور بُرائی کیلئے ایک اجازت ہے۔

اِس کے ساتھ ساتھ اِس سے متعلقہ مگر تھوڑی سی مختلف ترغیب بھی ہے: جب کوئی شخص ایک رائے قائم کرتا ہے، تو وہ رائے اُس کے اپنی عادتوں، اُس کی اپنے معیار کو ظاہر کرتی ہے اور اُس کو دوسروں کے سامنے رائے دہی کیلئے کھڑا کرتی ہے۔ اگر ایک آدمی فیصلہ نہیں کرے گا، تو اخلاقی لاادری خیال کرتی ہے کہ پھر وہ اپنی عادتوں کو ظاہر نہیں کرے گا تو اِس طرح وہ دوسروں کی رائے سے بری ہو جائے گا۔ بائبل کے اصُولوں کا بیان کہ ایک بندہ فیصلہ کرنے میں اپنی عادتوں کو ظاہر کرتا ہے متی کی انجیل میں ملتا ہے:

ایک بار پھر انجیل تعلیم دیتی ہے کہ اخلاقی لاادری انصاف کو ترک کرنے سے انصاف کو بری نہیں کر سکتی، کیونکہ وہ انصاف کرنے کو رد نہیں کر سکتی۔ ذی شعور مخلوق لازماً انصاف کرتی ہے، اور ہم سب اِس تمام انصاف، ہمارے بولے گئے الفاظ اور جو سوچیں ہم نے سوچیں کی جواب دہی کے تابع ٹھہرتے ہیں۔ اخلاقی لاادری اخلاقی رائے کی مذمت کرتی ہے کیونکہ وہ اپنے گناہوں کی ذمہ داری سے بری ہونا چاہتی ہے۔ وہ خُدا یا کسی اور کے سامنے جواب دِہ نہیں ہونا چاہتی۔ وہ خُود کیلئے ایک قانون بننا چاہتی ہے، ایک پوری طرح غیر ذمہ دار اور ایک پوری طرح غیر قانونی مخلوق بننا چاہتی ہے۔

کالا، سفید اور خاکستری

اخلاقی مادہ پرستی جو ایک نہایت ہی سادہ شکل اختیار کرتی ہے وہ اِس بیان میں موجود ہے کہ: ''یہاں کوئی کالا اور سفید نہیں ہے صرف خاکستری سائے ہیں''؛ اور ''ہر بات کے دو پہلو ہیں''۔ اخلاقی دُھندلا پن جو ہم نے بتایا ہے ہر چیز پر لاگو ہوتا ہے: اشخاص، خیالات، اعمال، واقعات، اصُولوں، تحریکوں، اور تنظیموں نیز ہر اخلاقی پہلو پر۔ ''یہاں کوئی کالا اور سفید نہیں ہے'' یہ علمیاتی جھوٹ کا اخلاقی جوڑ ہے: ''ساری سچائی متعلقہ ہے''۔ در حقیقت اخلاقی بیان منطقی طور پر علمیاتی بیان پر منحصر ہے، یعنی اخلاقی انصاف عمدہ انصاف کی ایک قسم ہے۔ مایوسی سے دونوں بیانات تضاد ہیں۔ یہ بیان کہ ''ساری سچائی متعلقہ ہے'' ایک غیر مشروط سچ کا دعویٰ ہے، اِسی طرح تمام لوگوں کیلئے ہر وقت سچ خُود سے تضاد پیدا کرتا ہے۔ اگر یہ

سچ ہے کہ ''ساری سچائی متعلقہ ہے'' اور یہ سچائی ہے، تو پھر یہ جھوٹ ہے کہ ''ساری سچائی متعلقہ ہے''۔ دوسری طرف اگر سچ غیر مشروط ہے تو پھر یہ جھوٹ ہے کہ سچائی متعلقہ ہے۔ یہ بیان کہ ''ساری سچائی متعلقہ ہے'' ہر معاملے میں جھوٹ ہے۔ اسی طرح اگر یہ سچ ہے کہ ''یہاں کوئی کالا اور سفید نہیں ہے'' تو پھر یہاں کوئی خاکستری نہیں ہو سکتا، کیونکہ خاکستری کالے اور سفید کے آمیزے سے ہٹ کر کچھ نہیں۔ جو یہ رٹتے ہیں کہ ''یہاں کوئی کالا اور سفید نہیں ہے'' اِس بیان کو سفید سمجھنے کا ارادہ رکھتے ہیں کہ یہ ایک صحیح بیان ہے کسی بھی غلطی اور برائی کے بغیر۔ اگر یہ بیان بذاتِ خود خاکستری ہوتا تو پھر یہ جزوی طور پر خاکستری ہوتا اور کسی کو اس پر یقین کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ''یہاں کوئی کالا اور سفید نہیں ہے، صرف خاکستری سائے ہیں'' یہ ارادہ نہیں کرتے کہ یہ بیان ایک بُرا بیان ہے یا جھوٹا بیان ہے یا صحیح اور غلط کا آمیزہ ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہم اس کو سفید لیں حالانکہ وہ سفید کے وجود کو ترک کرتے ہیں۔ مستعار سے ادبی زبان پر آئیں تو اگر یہاں کوئی اچھے یا بُرے نہ ہوتے، کوئی صحیح یا غلط نہ ہوتے، کوئی سچ یا جھوٹ نہ ہوتے تو یہاں ادبی طور پر کچھ نہ ہوتا۔ یہی اصول کارفرما ہوتا کہ ''یہاں صرف خاکستری سائے ہیں''۔

اِس سے پہلے کہ کوئی کسی شخص، کسی تصور یا کسی عمل کو ''خاکستری'' کے طور پر جانچے یا انصاف کرے (جیسا کہ ہم پہلے دیکھ چکے ہیں کہ رائے دینے کو ترک نہیں کیا جا سکتا؛ سوال صرف یہ ہے کہ آیا کوئی صحیح طور انصاف کر رہا ہے کہ نہیں)، یعنی اس سے پہلے کہ کوئی حسبِ قانون یہ نتیجہ نکالے کہ یہ اچھائی اور بُرائی کا ایک آمیزہ ہے وہ شخص، واقع یا عمل میں ضرور امتیاز کرے اور ایسے ہی ان کا انصاف کرے۔ لیکن اگر کسی نے پہلے ہی شعور اچھائی اور بُرائی مٗیں امتیاز کر لیا ہے تو پھر یہ کہنے میں کوئی ممانعت نہیں کہ یہاں صرف خاکستری ہے۔ یعنی ایک جھوٹ ایسے کالا ہے جیسے کوئی تصور کر سکے۔ نہ ہی کچھ ممانعت ہے کسی بُرائی کا اچھائی کے ساتھ انتخاب کرنے میں، نہ ہی سچ کو خاکستری کہہ کر بھدا کرنے میں، نہ ہی بُرے کو خاکستری کہہ کر نظر انداز کرنے میں۔ اگر یہ کہنے سے کہ ''ہر بات کے دو پہلو ہوتے ہیں''، جس کا واضح مطلب یہ ہے کہ کسی معاملے کو طے کرنے سے پہلے تمام دلیلوں کو سُننا عقلمندی اور مناسب ہے تو یہ بالکل ٹھیک ہے۔ . . . لیکن یہ نہیں کہ اس بات کو کہنے والوں کا عام طور پر کیا مطلب ہے۔ ان کا یہ مطلب ہے کہ ہر بات کے دو پہلو ہوتے ہیں اور ہر پہلو صحیح ہے۔ یہاں کوئی صحیح یا غلط نہیں ہے؛ یہاں صرف ''صحیح'' اور ''صحیح'' ہی ہے۔ یہاں کوئی سچ یا جھوٹ نہیں ہے؛ یہاں صرف ''سچ'' اور ''سچ'' ہے۔ ہمیں کسی بھی چیز کا اچھا یا بُرا، صحیح یا غلط کے لحاظ سے انصاف کرنا نہیں چاہیئے کیونکہ ہر چیز کے دو پہلو ہیں۔

اخلاقی لاادر، اپنے ماہر مذہبی تعلیم عم زادوں کی طرح اپنی مادہ پرستی کو وقتی طور پر بیان نہیں کرتے؛ وہ تحمل کے ساتھ نہیں کہتے، ''میں نہیں جانتا''، کیونکہ یہ ان کی جہالت کا صاف اقرار ہے۔ دراصل یہ ان کا اپنے معرفتِ کُل پر فخر ہے۔ وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ کوئی نہیں جان سکتا۔ وہ کہتے ہیں (ان کے الفاظ کا ان کے حقیقی معنوں میں ترجمہ) عام طور پر کافی بلند آواز اور واضح ہے، ''کوئی نہیں جانتا، اور کوئی نہیں جان سکتا''۔ وہ اپنی مادہ پرستی پر بہت زیادہ اصولی ہیں۔ وہ کسی پر الزام لگانے پر بہت فخر کرتے ہیں جو فخر اور غرور کو جاننے کا دعویٰ کرتا ہے۔ عام طور پر وہ یہ کہتے ہوئے مداخلت کرتے ہیں کہ ''تم سفید اور کالے کے لفظوں میں نہیں جانتے، کیا تم جانتے ہو؟ اور اِس طرح کے حملے کا شکار اگر اپنے علمیاتی اور اخلاقی اصولوں کے بارے میں پُراعتماد ہے، وہ لاادر کی پُراعتماد روائی سے بار بار دھمکایا گیا ہے جو کسی اختلاف کو بہت واضح، کسی اصول کو غیر مشروط طریقے سے بیان کر رہے ہوتے ہیں وہاں کوئی کالا یا سفید نہیں ہے یعنی کوئی بیوقوف ہی ہوگا جو اسے نہیں جانے گا۔ دھمکائے جانے کی بجائے شکار ہونے کو کیا کرنا چاہیئے۔ لاادری اختلاف کا ادبی زبان میں ترجمہ کرے: ''تم صحیح اور غلط کے کلمات میں نہ سوچو، کیا تم سوچتے ہو؟'' یا ''تم اچھے اور بُرے کے لحاظ سے نہ سوچو، کیا تم سوچتے ہو؟'' یا ''تم اچھے اور بُرے میں امتیاز کرنے کی کوشش نہ کرو، کیا تم کرتے ہو؟'' یا ''تم اچھے اور بُرے میں فیصلہ کرنے کی جرأت نہ کرو، کیا تم کرتے ہو؟'' جب فرسودہ اختلاف کو واضح ادبی انگریزی میں ترجمہ کریں تو کوئی بھی یہ سمجھنا شروع ہو جاتا ہے کہ اخلاقی خاکستری کا تصور کتنا بُرا

اخلاقی مادہ پرستی کا ہے۔ یہ اچھے انسان نہیں ہیں جو اِس طرح کا تصور کرتے ہیں؛ یہ وہ ہیں جو اپنے گناہوں کو عزیز رکھتے ہیں اور محض اپنی ملامت کو ترک کرنا چاہتے ہیں۔ مذہبی تعلیم کی مادہ پرستی اخلاقی مادہ پرستی کی طرح آزاد حالت نہیں ہے؛
یہ بھیس بدلی ہوئی برائی ہے۔ لایقینی رقص نقابی جیسے جہالت؛ گناہ کی رقص نقابی جیسے غیر جانبداری۔ 17

خاموشی کا گناہ

چونکہ مسیحیوں کو حکم دیا گیا کہ خُدا کے لکھے ہوئے کلام سے تمام چیزوں کا جائزہ لیں، اِس لئے اُسے ایسا کرنے کیلئے تیار ہونا چاہیئے۔ انسانوں کا خوف، اخلاقی مادہ پرستی کا عقیدہ اور انصاف کی مشہور ملامت اُس پر ظاہر نہیں کرتی کہ دُنیا کے ساتھ متفق ہو یا خاموش رہے۔ جب کبھی مسیحی کو ایسے حالات کا سامنا کرنا پڑے جس میں بائبل یا عقیدے پر حملہ ہوا ہو تو وہ ضرور بولے۔ وہ کیسے بولے یہ حالات پر منحصر ہے لیکن وہ بولے یہ اُس کی ذمہ داری ہے۔

دیکھو میں تمہیں بھیڑوں کی مانند بھیڑیوں میں بھیجتا ہوں۔ پس تُم سانپوں کی طرح ہوشیار اور کبوتروں کی مانند بھولے ہو۔۔۔ جو کچھ مَیں تمہیں اندھیرے میں کہتا ہوں اُجالے میں کہو اور جو کچھ تم کان میں سنتے ہو۔ کوٹھوں پر اُس کی منادی کرو۔ اور اُن سے مت ڈرو جو بدن کو قتل کرتے ہیں پر جان کو قتل نہیں کر سکتے بلکہ اُسی سے ڈرو۔ جو جان اور بدن دونوں کو جہنم میں ہلاک کر سکتا ہے۔۔۔۔ اِس لئے جو کوئی آدمیوں کے آگے میرا اقرار کرے گا۔ میں بھی اپنے باپ کے آگے جو آسمان پر ہے اُس کا اقرار کروں گا۔ مگر جو کوئی آدمیوں کے آگے میرا انکار کرے گا میں بھی اپنے باپ کے آگے جو آسمان پر ہے اُس کا انکار کروں گا۔ (متی 10)

چند حالات میں، ایک سادہ اختلاف، جیسا کہ ''یہ وہ نہیں ہے جو بائبل کہتی ہے'' یا ''یہ بیان درست نہیں ہے''، کافی ہو سکتا ہے۔ دوسرے حالات مزید جوابات، تردید، اور جُھٹلاؤ مانگیں گے۔ لیکن تمام حالات جن میں مسیحی کی موجودگی میں ایمان کو خطرہ لاحق ہو، مسیحی کو ضرور بولنا چاہیئے۔ وہ خاموش رہ کر، رضامندی اور ناراضگی کا اظہار کئے بغیر غیر جانبدار حالت نہیں اپنا سکتا، کیونکہ جب جُھوٹ سکھایا جائے اور سچ کو ترک کیا جائے تو خاموش رہنا غیر جانبداری نہیں ہے۔ یہ جُھوٹ اور سچائی سے غداری کے ساتھ اتحاد ہے۔ ایسے حالات میں خاموشی با آوازِ بلند بولتی ہے: ''صحیح اور غلط کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے؛ سچ اور جُھوٹ کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے''۔ جب غلط سکھایا جائے اور سچ کو ترک کیا جائے تو اختلاف کرنے میں ناکامی ایسی ہے جیسے غلط اور سچائی کے ساتھ برتاؤ کہ وہ ایک ہی ہوں کے ذریعے غلطی کو نظر انداز کرنا۔ اگر مسیح کو خطرہ لاحق ہو اور مسیحی خاموش رہے تو اُس نے اپنی غیر جانبداری قائم نہیں کی، اُس نے مسیح کو نظر انداز کیا۔

یہ تاکیدی ہے کہ نہ صرف جانیں، شعور حاصل کریں اور انصاف کریں بلکہ ساتھ ساتھ بولیں؛ نہ صرف بائبل کے اُصولوں کو تمام سوچوں اور اعمال پر لاگو کرنا درکار ہے بلکہ اُس رائے کا بھی اظہار کرنا جب بائبل سے متعلقہ تصورات کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ اور نہ صرف ہماری رائے کا اظہار درکار ہے بلکہ ساتھ ساتھ اِس کا دفاع کرنا۔ لوتھر نے لکھا:

مسیح کا اعتراف مسیحی کی زندگی میں سب سے اہم سرگرمی ہے؛ اِس پر ہر کوئی زندگی اور عضو، اشیاء اور عزت کی منصوبہ بندی کرے۔ بُرے جذبات اُس پر شدید چڑھائی نہیں کرتے جو ٹھیک طریقے سے سوچتا ہے اور گوشہ نشینی اور اپنی ذات میں میں اچھی زندگی گزارتا ہے۔ لیکن نکل کر باہر آنا اور پھیلانا، اعتراف کرنا، تبلیغ کرنا اور کسی کے ایمان کی تعریف کرنا دوسروں کی اچھائی کیلئے بھی وہ ہے جو وہ برداشت نہیں کر سکتا۔ 18

ایمان کے دفاع میں ایک مسیحی اپنی توجہ اِس پر رکھے کہ سب سے اہم کیا ہے: عقیدہ اور تصورات۔ وہ ذاتی حملوں کے ذریعے اپنے آپ کا غلط خاکہ نہ بنائے، خود کا یا اپنی طرف سے دوسروں کا۔ دوبارہ لوتھر:

میرا تعلق زندگی کے ساتھ نہیں بلکہ عقیدے کے ساتھ ہے۔ بُری زندگی خُود کو چھوڑ کر زیادہ نقصان نہیں پہنچاتی۔ لیکن بُری تعلیم زمین پر بہت مہلک

چیز ہے، کیونکہ یہ رُوحوں کے میزبانوں کی دوزخ کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ بے شک آپ اچھے ہیں یا بُرے اِس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں لیکن میں تمہاری خطرناک اور جھوٹی تعلیم پر حملہ کروں گا جو خُدا کی کلام کی تردید کرتی ہے اور خُدا کی مدد کے ساتھ میں پُرزور طریقے سے اِس کی مخالفت کروں گا۔ 19

کیوں ہمیں ہمیشہ ادراک کرنا چاہیئے اور ہمیشہ بولنا چاہیئے اِس کی ایک اور وجہ ہے: اچھے اور بُرے، سفید اور کالے، سچ اور غلط کے درمیان تیزی سے لکھی گئیں سطور نہ صرف اُن کی بہتری کیلئے مہلک ہیں جو ہمیں سُنیں گے بلکہ ہماری اپنی ذات کیلئے بھی۔ اگر ہم رائے کا مظاہرہ کرنے میں ناکام ہو جائیں تو ہم قدرتی طور پر پیدا ہوئے گنہگاروں کی طرح واپس اخلاقی دھندلکے میں چلے جاتے ہیں جس میں تمام اصول اور اعمال خاکستری ہیں۔ ''سخت غذا''، عبرانیوں کا لکھنے والا کہتا ہے، ''بالغوں کیلئے ہوتی ہے یعنی اُن کے لئے جن کے حواس کام کرتے کرتے نیک و بد میں امتیاز کرنے کے لئے تیز ہو گئے ہیں'' (5:14)۔ اگر ہم اپنے حواس کا استعمال نہ کریں (یعنی اپنی ذی عقل صلاحیتوں کا، نہ کہ اپنی ناک یا کان)، تب ہم یہ امتیاز کرنے کے قابل نہیں ہوں گے کہ صحیح سے غلط بتائیں، سچ سے جُھوٹ، اچھائی سے بُرائی۔ انصاف کرنے اور رولنے سے ناکامی میں ہم نہ صرف مسیح کو نظر انداز کرتے ہیں بلکہ اپنے پڑوسی کو اور اپنی ذات کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اپنی ذی عقل صلاحیتوں کا مظاہرہ نہ کرنا ہماری ترقی اور مسیحی کے طور پر بڑھنے میں ناکامی اور رُکاوٹ ہے۔ ہم صحیح سے غلط کو بتانے کی صلاحیت کو کھو دیتے ہیں۔

17 لادوقیہ کے گرجا گھر کا گناہ اِس قسم کا نظر آتا ہے: ''اور لادوقیہ کی کلیسیا کے فرشتے کو یہ لکھ کہ جو آمین اور سچا اور حقیقی گواہ ہے اور خُدا کی خلقت کی ابتدا ہے۔ وہ یہ کہتا ہے کہ میں تیرے کاموں کو جانتا ہُوں کہ تُو نہ سرد ہے اور نہ گرم اس لئے میں تُجھے اپنے مُنہ سے نکال پھینکنے پر ہُوں'' (مکاشفہ 3:14-16)۔

18 لوتھر کیا کہتا ہے، پلاس، مدون، 597۔

19 لوتھر کیا کہتا ہے، 1224۔

تعاون کا گناہ

جیسا کہ ہم نے دیکھا ہے، افعال میں سے ایک بنیادی فعل ذی عقل دماغ کا جاننا ہے۔ جاننے کیلئے جو چیزیں مختلف ہیں اُن میں فرق کرنا اور علیحدہ کرنا درکار ہے۔ منطق کے قوانین 'اے' اور 'ن۔اے' کا شعور شامل کرتے ہیں، جبکہ 'اے' کسی لفظ اور کسی چیز کو ظاہر کرتا ہے۔ شناخت کا قانون، اے ہے اے ایک چیز بذاتِ خُود ہے۔ جس کیلئے ہمیں ایک چیز کی شناخت کرنا درکار ہے۔ تضاد کا قانون، اے اور ن۔اے دونوں نہیں ہیں ایک لفظ، کچھ مطلب لینے کیلئے، ضرور کچھ مطلب نہیں ہے۔ . . کیلئے درکار ہے کہ کسی چیز اور تمام دوسری چیزوں کے درمیان امتیاز کریں۔ درمیانی نکالنے کا قانون، یا اے یا نہ۔اے، ''مسلسل سوچ'' نکالنا اور اخلاقی خاکستری کی دلدل ہے۔ منطق جاننے اور شناخت کرنے میں ناگزیر ہے۔

جو کچھ ہم نے اوپر شعور کی کمی، علم کی کمی، انصاف کی مذمت اور اخلاقی خاکستری کے بارے میں کہا وہ گرجا گھروں اور معاشرے میں رائج ہے بہت ہی عملی مسائل پر لاگو ہوتا ہے: کوئی کونسے گرجا گھر میں جائے اور شامل ہو، اگر کوئی چاہے؟ کونسے خیراتی اداروں کی معاشی طور پر مدد کی جائے، اگر کوئی چاہے؟ کس کے ساتھ ہم منادی میں تعاون کریں، اگر کوئی چاہے؟ سیاسی عمل میں؟ بہت سے لوگ اِن سوالوں کے بارے میں نہیں سوچتے۔ یہ تصور کہ یہاں کچھ بائبل کے نظریاتی اُصول ہیں جو عملی فیصلے کرنے میں مدد دیتے ہیں یہ بہت سے لوگوں کیلئے خارجی ہیں۔ اُنہوں نے عملی نظریہ اختیار کیا: جو کوئی بھی کام کرے۔

اگر یہ سچ تھے کہ یہاں کوئی کالا اور سفید نہیں ہیں بلکہ صرف خاکستری سائے ہیں، اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کوئی کونسے گرجا گھر میں شامل ہوتا ہے۔ بعض اوقات وہ جو اپنے گرجا گھر میں تعلیم دیئے گئے عقیدے سے تعلق رکھتے ہیں بتاتے ہیں ''یہاں کوئی کامل گرجا گھر نہیں ہیں، اِس لئے

تمہیں شاید یہاں رُکنا چاہیئے"۔ کیا تُم میرے عزیز پڑھنے والے اِس بیان کے عقیدے "صرف خاکستری سائے" کو جانتے ہو؟ یہ ایسے ہے جیسے کہ کوئی دلیل دے، کہ "یہاں کوئی کامل عورتیں (یا مرد) نہیں ہے، اِس لئے اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا تُم کس سے شادی کرو"۔ یا "یہاں کوئی خالص غذا نہیں ہے، اِس لئے اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ تُم کیا کھاؤ"۔ یہ دلیل کہ "کوئی کامل گرجا گھر نہیں ہے" ایک تبدیلی ہے "صرف خاکستری سائے کی دلیل" سے۔ یہ اِس ارادے سے تیار کی گئی کہ گرجہ گھر کے عقیدے کا امتحان لینے سے پرہیز کیا جائے، اور گرجا گھر کی تعلیم میں سچائی اور غلطی کو جاننے سے روکا جائے۔ بہت سے لوگوں نے اِس دلیل کو اپنایا۔ جن لوگوں نے ملازموں کو کام پر لینے اور غذا کھانے میں بیوقوفی سے عمل کرنے کا نہیں سوچا ہو گا وہ گرجا گھر کے دروازے پر اپنی صدری کے ہمراہ اپنے ذہن کا جائزہ لیتے ہیں۔ ہمیں صدیوں یہ بتایا جاتا تھا کہ مسیحت دِل کا معاملہ ہے، بہت سارے مسیحی اپنا دماغ استعمال نہیں کرتے۔ 20 ہم مذہب میں بیوقوفی اور غلطی کو شاباش دیتے ہیں جیسے سعادت مندی یا سچی رُوحانیت یا مذہبی تعلیم کی فضیلت ہو۔ یہ اِس قسم کی نہیں ہے۔ مذہب میں بیوقوفی کاروبار یا خاندان میں بیوقوفی سے بھی بڑا گناہ ہے۔ مذہبی معاملات میں حصہ داری بہت زیادہ بڑی ہے بانسبت مالیات کے معاملے میں۔

اب یہاں اُصول ہیں، بائبل کے اُصول جو دوسروں کے ساتھ اشتراک اور تعاون پر میرے اُوپر اُٹھائے گئے سوالوں کا جواب دیں گے۔ پہلا اُصول یہ ہے: کسی مسیحی یا غیر مسیحی کے ساتھ ایک غیر مسیحی مقصد کیلئے تعاون نہ کرو۔ "غیر مسیحی مقصد" سے میرا کیا مطلب ہے؟ یہ ایک اُمید یا منزل ہے جو واضح طور پر مسیحی نہیں ہے اور جیسے کسی تنظیم کی طرف سے بیان کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر سمندری طوفان کے متاثرین کو امداد دینا ایک غیر مسیحی مقصد ہے، اگر یہ امداد انجیل کے ہمراہ یسوع مسیح کے نام میں نہیں دی گئی۔ مسیح نے یہ نہیں کہا کہ یہ ٹھنڈے پانی کا کپ دینا ہے جو اچھا ہے بلکہ "مسیح کے نام میں" 21 ٹھنڈے پانی کا کپ دینا۔ مقصد واضح طور پر مسیحی ہے۔ اب ہمیں شہری ہونے کی حیثیت سے حاکموں کے ساتھ ضرور تعاون کرنا چاہیئے، اگر وہ ہمیں ایک میل جانے کا کہیں تو ہمیں ایک میل اس سے بڑھ کر جانا چاہیئے۔ 22 ملازموں کو درس دیا گیا کہ اپنے مالکوں کی تابعداری کریں۔ 23 یہ وہ واقعات ہیں جن میں شراکت ضروری ہے۔ خاندانوں میں مسیحی شریک زندگی کو غیر مسیحی شریکِ زندگی کو نہیں چھوڑنا ہوتا، بلکہ اُس کے ساتھ اشتراک کرنا ہوتا ہے۔ شادی کا معاہدہ قانونی اور اخلاقی طور پر بندھن ہے۔ بچوں کو تابعداری کرتے ہوئے غیر مسیحی والدین کے ساتھ اشتراک کرنا پڑتا ہے۔ ملازموں کو مالک کی تابعداری کرنی پڑتی ہے۔ حتیٰ کہ اِن حالات میں اشتراک صرف اُن مقاصد تک بڑھتا ہے جو گنہگارانہ نہیں ہیں۔ اگر ایک حاکم، ایک شریکِ زندگی، ایک مالک، یا والدین میں سے ایک کسی کو حکم دے کہ کچھ گنہگارانہ کرے تو اِس کو ماننا پڑتا ہے اشتراک کو ترک کرنے کیلئے۔

معیشت میں، مسیحی جب تجارت میں لگ جاتے ہیں تو کسی کے ساتھ بھی اشتراک کرنے کیلئے آزاد ہوتے ہیں؛ اُن کو یہ درکار نہیں ہوتا کہ صرف دوسرے مسیحیوں کے ساتھ ہی تجارت کریں۔ یہ بُتوں کو گوشت کی پیشکش کے بارے میں پولوس کی تعلیمات پر مشتمل ہے۔ لیکن اشتراک اور تعاون دو مختلف چیزیں ہیں۔ معاشی منڈی میں ایک بندہ روزانہ لوگوں کے ساتھ اشتراک کرتا ہے جسے جانتا بھی نہیں۔ اشتراک کیلئے دوسروں کے ساتھ واقفیت بھی درکار نہیں ہے صرف مقصد پر اتحاد کی ضرورت ہے۔ خریدار اپنے اچھے کیلئے پہناوا خریدنے کا ارادہ کرتا ہے۔ بیچنے والا پہناوا بیچنے کا ارادہ کرتا ہے۔ . . . اپنے اچھے کیلئے۔ خُدا نے منڈی کی معیشت کا ایسا ڈھانچہ تیار کیا ہے کہ مہیا کرنے والا اور صارف ایک دوسرے کو بغیر جانے ایک دوسرے کے ساتھ اشتراک کرتے ہیں بے شک اُن کے مقاصد اتنے مختلف ہوں جیسے رات اور دِن۔ یہاں معیشت میں محنت کی ایسی تقسیم ہے کہ ہر شخص

20 یقیناً بائبل دِل اور دماغ کے درمیان کوئی امتیاز نہیں کرتی۔ دیکھیں "گرجا گھر کا خط"۔

21 اِس لئے جو کوئی میرے نام پر تمہیں ایک پیالہ پانی پینے کو دے اِس لحاظ سے کہ تُم مسیح کے ہو۔ مَیں تُم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ اپنے اجر سے محروم نہ

رہے گا'' (مرقس 9:41)

22 متی 5:41۔

23 کلسیوں 3:2۔

فائدہ اُٹھاتا ہے، بے شک وہ اُن بہت سے لوگوں کو نہ جانتا ہو جن کے ساتھ اشتراک کرتا ہے۔

فائدہ اُٹھاتا ہے، بے شک وہ اُن بہت سے لوگوں کو نہ جانتا ہو جن کے ساتھ اشتراک کرتا ہے۔

تعاون کو اشتراک کے برعکس مقصد کے اتحاد کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک بندہ ایک بڑی سیاسی اور سماجی تنظیم میں انجان اشخاص کے ساتھ تعاون بھی کر سکتا ہے لیکن صرف مشترکہ مقاصد کیلئے۔ تعاون پر یہ اُصول کارفرما ہے: کہ ایسے مقصد، منصوبے یا تنظیم میں تعاون نہ کرو جس کا ایک غیر مسیحی مقصد ہو۔ ہم غیر مساوی طور پر غیر مومنوں کے ساتھ نہیں جُڑے ہوئے۔

تُم غیر مومنین کے ساتھ ناہموار جُوئے میں نہ جُتو۔ کیونکہ صداقت اور غیر صداقت میں کیا شراکت ہے؟ یا روشنی کا تاریکی سے کیا میل؟۔ مسیح کو بلیعال کے ساتھ کونسی مُوافقت ہے؟ یا مومن کا غیر مومن سے کیا واسطہ؟۔ اور خُدا کی ہیکل کو بُتوں سے کونسی مُناسبت ہے؟ ۔ ۔ ۔ اِس لئے خُداوند فرماتا ہے تُم ان میں سے نکل کر جُدا رہو۔ (2 کرنتھیوں 6:14-17)

غور کریں یہ بنیادی وجہ ہے کہ مسیحی غیر مساوی طور پر غیر مومنوں کے ساتھ نہیں جُڑے ہوئے: روشنی اور تاریکی، صداقت اور غیر صداقت، مسیح اور بلیعال میں کچھ ایک جیسا نہیں ہے۔ یہاں یہ وجہ ہوگی کہ تعاون کا نہ ہونا شخصی جھگڑوں کو نظر انداز کرنے کیلئے نہیں، بلکہ کیونکہ سوچنے کا نظام جس سے مومن اور غیر مومن تعلق رکھتے ہیں ہر دوسرے سے متضاد ہے۔ اب مومن اور غیر مومن دونوں کیونکہ بعض اوقات اپنے بنیادی عقائد کے ساتھ منطقی طور پر غیر موافق ہوتے ہیں، مشترکہ طور پر کچھ نظریات رکھ سکتے ہیں؛ دونوں شاید خُدا پر ایمان لائیں، مثال کے طور پر۔ یعقوب بتاتا ہے کہ بُھوت ایک خُدا پر یقین کرتے ہیں، اور وہ کانپتے ہیں۔ لیکن مسیحی آزاد نہیں کہ عالمگیر مقاصد کیلئے بنی ہوئی تنظیموں میں شامل ہو سکیں کیونکہ بُھوت توحید پرست ہوتے ہیں، اگرچہ کچھ موجودہ مذہبی مصنفوں نے کافروں کی مخالفت کیلئے تمام توحید پرستوں کے اتحاد کی وکالت کی ہے 24۔ یہ نظریات کی ایک دوسرے پر عارضی چڑھائی نہیں ہے جو اہم ہے بلکہ ایک مُختلف سوچنے کا نظام اہم ہے جس سے مومن اور غیر مومن تعلق رکھتے ہیں جس کے لئے اُن کا الگ رہنا درکار ہے۔

غیر تعاون کا اُصول متصور ہے کہ مسیحیوں کو کسی ایسے گرجا گھر میں جانا یا شامل نہیں ہونا چاہئے جو خُدا کی ساری پروردگاری پر یقین نہیں رکھتے اور اس کی تعلیم نہیں دیتے۔ مسیحیوں کو اپنے وقت یا اپنے وسائل میں سے کسی ایسے گرجا گھر یا تنظیم میں حصہ نہیں ڈالنا چاہئے جو بائبل پر یقین نہیں رکھتی، خاص طور پر واحد ایمان کے ذریعے تائید کے عقیدے پر۔ ۔ ۔ ۔ اور جو خیراتی، تعلیمی، سیاسی اور سماجی تنظیموں پر مشتمل ہو۔ مسیحی جو بھی کریں یہ مسیح کے نام پر ہو۔ کسی ایسے مقصد کیلئے اپنا وقت یا رقم دینا جو واضح طور پر مسیحی نہیں یہ غیر تعاون کے قانون کی خلاف ورزی ہے۔

پُرانے عہد نامے کے قوانین علیحدگی کے قانون کو سکھانے کی کوشش کرتے ہیں غیر تعاون بہت سے طریقوں سے عبرانیوں کو: نہ دوغلے بیج، نہ مخلوط کپڑے، نہ غیر مومنوں کے ساتھ شادیاں وغیرہ۔ یہ اسباق وقتاً فوقتاً ناکام ہوگئے۔ بہت سے عبرانی غیر تعاون کی مذہبی وجہ ڈھونڈنے میں ناکام ہوگئے۔ تین ہزار سال بعد تک بھی بہت سی مذہبی وجہ سمجھنے میں ناکام ہوئے ہیں۔ خُدا تخلیق سے علیحدہ ہے؛ وہ افضل ہے۔ خُدا پاک ہے اور وہ ایک پاک کی خواہش کرتا ہے۔ ۔ ۔ یعنی، ایک الگ ہوئے ۔ ۔ ۔ ۔ لوگ۔ پُرانے عہد نامے میں علیحدگی سیاسی اور جسمانی ہے؛ نئے عہد نامے میں یہ نہیں ہے: یہ عقلی او آئینی ہے۔ اپنے خاندان سے دور ابرام کو بُلایا گیا تاکہ خُدا ایک نئی مخلوق بنا سکتا۔ خُدا الگ کرتا ہے:

اِس لئے تُم پاک اور ناپاک چوپایوں اور پاک اور ناپاک پرندوں میں تمیز کرو۔ اور تُم چوپایوں اور پرندوں اور اُن سے جو زمین پر رینگتے ہیں۔ جن کو مَیں نے تُمہیں ناپاک جتایا ہے۔ اپنے آپ کو پلید نہ کرو۔ اور تُم میرے لئے پاک ہو۔ کیونکہ مَیں بہت پاک ہُوں۔ مَیں خُداوند ہوں مَیں نے تُم کو قوموں سے الگ کیا ہے تا کہ تُم میرے ہو۔ (احبار 20:25-26)

آج مسیح لوگوں کو ایک ایک کرکے جغرافیائی طور پر نہیں بلکہ رُوحانی طور پر الگ کرتا ہے:

کیا تُم گمان کرتے ہو کہ مَیں زمین پر صُلح کرانے آیا ہوں؟ مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ نہیں بلکہ جُدائی کرانے۔ کیونکہ اب سے ایک گھر کے پانچ آپس میں مخالفت رکھیں گے۔ تین سے دو اور دو سے تین۔ مخالفت رکھینگے۔ باپ بیٹے سے اور بیٹا باپ سے۔ ماں بیٹی سے بیٹی ماں سے۔ ساس بہُو سے اور بہُو ساس سے۔ (لُوقا 12:49-53)

یہ صرف ابرام کا خاندان نہیں ہے جو تقسیم ہوا؛ بلکہ نئے عہد نامے کے مطابق یہ تمام خاندان ہیں۔ مسیح اپنا گرجا گھر بنا رہا ہے، اور اِس کو بنانے کیلئے وہ پہلے دُنیا سے پتھر الگ کرتا ہے اور پھر ان کو ایک عمارت میں اکٹھا کرتا ہے۔ پہلے بہت سی علیحدگیاں ہو جانے کے بغیر گرجا گھر اکٹھا نہیں ہو سکتا نہ ہی یہ متحد ہو سکتا۔

آخری انصاف پر حتمی علیحدگی ہو جائے گی:

24 اِن میں سے دو مصنف جوہن پال ٹو اور پیٹر کریفت ہیں۔

جب اِبنِ انسان اپنے جلال میں آئے گا۔ اور تمام فرشتے اُس کے ہمراہ ہونگے تب وہ اپنے تختِ جلالی پر بیٹھے گا۔ اور تمام قومیں اُس کے حضُور جمع کی جائیں گی اور وہ ایک کو دُوسرے سے جُدا کرے گا۔ جس طرح چوپان بھیڑوں کو بکریوں سے جُدا کرتا ہے۔ اور بھیڑوں کو اپنے دائیں اور بکریوں کو اپنے بائیں کھڑا کرے گا۔ (متّی 25:31-33)

یہاں ایک اور غیر تعاون سے متعلقہ وجہ ہے: جب مسیحی غیر مسیحی تنظیموں میں غیر مسیحیوں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں تو مسیحیت پھیکی پڑتی ہے یا نظر انداز ہوتی ہے، اور غیر مسیحیوں کی جُھوٹی آراء غالب آتی ہے۔ غیر مسیحی تنظیموں میں مومن اور غیر مومن کے درمیان جاری مسلسل تعاون مزید سچائی کی نظر اندازی کی طرف لے جاتا ہے۔ اگر ایک مشترکہ سبب جس میں مسیحی اور غیر مسیحی دونوں لگے ہوئے ہیں واضح طور پر مسیحی نہیں ہے، تو مسیحی مزید ایک غیر مسیحی سبب کیلئے کام کر رہے ہیں۔ وہ لوگ جو تنظیم کے مقصد کے ساتھ نظریات رکھتے ہیں ایک اونچی اخلاقی سطح اور ایک نفسیاتی اثر رکھتے ہیں؛ یہ مسیحی ہیں جو تنظیم کے مقصد سے بڑھ کر ہیں۔ مسیحی کو ایک غیر مسیحی مقصد کیلئے کام کرنے سے کچھ حاصل نہیں کرنا؛ غیر مسیحی کو وقت، وسائل، اور مسیحیوں کی غیر مسیحی مقاصد کیلئے شہرت کا استحصال کرنے سے بہت کچھ حاصل کرنا ہے۔ مسیحی غیر مسیحی مہم اور غیر مسیحی تصورات اور مفید مقاصد کو عزت اور ذی شعوری کا ایک احساس اُدھار دیتے ہیں۔ سب سے بدتر یہ ہے کہ خُود مسیحیت کو تصور اِس طرح کے تعاون سے گدلا، بگڑا اور گمراہ ہوئے۔ اِس طرح کی حالت سے صرف کُفر فائدہ حاصل کر سکا۔

مسیح کے مقصد کو ابہام، توڑ موڑ، غلط سمت یا بے عقلی سے کچھ حاصل نہیں کرنا۔ کیونکہ مسیحیت ایک ذی شعور مذہب ہے، ، واحد مذہب جو سچائی کی تعلیم دیتا ہے، ، یہ کچھ نہیں چھپاتا ہے۔ کُفر کو تاریکی کی ضرورت ہے؛ اِس کو ابہام کی ضرورت ہے؛ یہ خاکستری کا مطالبہ کرتی ہے؛ اِس کے پاس چھپانے کیلئے سب کچھ ہے، کیونکہ یہ بُرائی ہے۔ شیطان کا اہم کام دھوکا دینا ہے اور اُسے سچے ایمان کے ظہور کے تلے اپنے مقاصد کو چُھپانا ہے۔ دھوکہ دینا اُس کی منزل ہے؛ شیطان صداقت کے طور پر اچھا نہیں کہ تسلیم کرے کہ دھوکا دینا اُس کی منزل ہے؛ پولوس نے پُر زور دُعا کی تا کہ اُس کو پڑھنے اور سُننے والے کو دھوکہ نہ کھائیں اور وہ انجیل کی تعلیم دلیری اور وضاحت سے دیں۔ دلیری کا مطلب ہے نہ گھونسہ مارنا، نہ آدمی کا خوف، بلکہ انجیل کی سچائی کی ایک سخت فرمانبرداری۔ ہمیں یہ بھی درس دیا گیا کہ خُدا کی ساری پیروکاری کی تعلیم دیں، محض اُن حصوں کی نہیں

جنہیں چند غیر مسیحی تنظیمیں وقتی طور پر برداشت کرتی ہیں۔ مسیحت سوچنے کا ایک نظام ہے، تمہید اور نتائج کا ایک منطقی تسلسل ہے نہ کہ غیر متعلقہ، بے جوڑ اور غیر محفوظ حقائق کا مجموعہ۔ خدا کے کلام کو بھی صحیح طور لیا جائے، صحیح تقسیم کی جائے اور واضح طور پر سکھایا جائے۔ ان میں سے کوئی بھی ضرورت مسیحیوں نے پوری نہیں کی جو غیر مسیحیوں کے ساتھ غیر مسیحی مقصد کیلئے تعاون کر رہے ہیں۔ ایسے تعاون کرنے والا واضح طور پر ایسے حالات میں خدا کو کلام کو کم پیش کرتے آ رہے ہیں کیونکہ انہوں نے پہلے سے اپنی حالت پر غیر مسیحی تنظیموں کے ساتھ شامل ہو کر سمجھوتہ کر لیا ہے۔ کفر، غیر عقلی مسیحت کی سچائی کے ساتھ دشمنی کر کے اور مسیحیوں کو اُلجھا کر سب کچھ حاصل کر سکتی ہے۔ جب مسیحی غیر مسیحیوں کے ساتھ غیر مسیحی مقصد کیلئے تعاون کرتے ہیں تو صرف کُفر ہے جو حاصل ہو سکتا ہے۔ اِس لئے مسیحیوں کو اپنے الفاظ کی تعریف اور بائبل کے تصورات کی غیر مشکوک مفہوم اور بالکل دُرست وضاحت کیلئے اپنے عقیدے کو صاف شفاف بنانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اُلجھا کر وضاحت کی کمی سے کُفر سب کچھ حاصل کر سکتا ہے؛ اور مسیحت ہر چیز ضائع کر سکتی ہے۔

یہاں یقیناً ایک اور اِمکان ہے: گمان کریں کہ مسیحی غیر مسیحیوں کے ساتھ مسیحی تنظیموں میں مسیحی مقاصد کیلئے تعاون کرتے ہیں۔ بہت سے گرجا گھر اس حالت میں ہیں: گرجا گھر اعترافی طور پر مسیحیت کا عزم رکھتے ہیں لیکن ان گرجا گھروں میں مسیحیوں کے درمیان غیر مسیحی ہیں۔ کیا غیر تعاون کے قانون یہ مطلب نکلتا ہے کہ مسیحیوں کو ایسے گرجا گھروں کو چھوڑنا چاہیئے؟ بالکل نہیں۔ ایسی حالتوں میں جہاں تنظیم کی موجودگی کا مقصد مسیحی ہے تو وہاں نہ صرف مسیحیوں کو جانا اور شامل ہونا چاہیئے بلکہ مدد اور رہنمائی بھی کرنی چاہیئے۔ چونکہ تنظیم کا مقصد واضح طور پر مسیحی ہے ایسی حالت میں یہ مسیحی ہے جو اونچی اخلاقی سطح اور نفسیاتی اثر رکھتا ہے؛ یہ غیر مسیحی ہے جو احاطے سے باہر ہے۔ ایسی حالتوں میں مسیحیت کو نیچے نہیں گرانا چاہیئے، دُنیا کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں کرنا چاہیئے اور اگر کوئی چھوڑتا ہے تو وہ غیر مسیحی ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں گرجا گھر کا نظم وضبط آتا ہے۔ یقیناً اگر ہماری مسیح کے انصاف کرنے کے حکموں کو سمجھنے میں غلط رہنمائی کی جائے تو گرجا گھر کا نظم وضبط باقی نہیں رہے گا۔ مارٹن لائیڈ۔ جونز نے اِس موضوع پر معقول تبصرہ کیا ہے۔

پراٹسٹنٹ فادر کیلئے نظم وضبط گرجا گھر کا ایک نشان ہے جیسے خُدا کے کلام کی تبلیغ اور شعائرہ مقدسہ کا بندوبست۔ لیکن ہم آج نظم وضبط کے متعلق بہت کم جانتے ہیں۔ یہ اِس جھولتے اور جذباتی تصور کا نتیجہ ہے کہ تمہیں انصاف نہیں کرنا چاہیئے اور جو کہتا ہے، ''تُم کون ہو جو انصاف کرتے ہو؟'' لیکن انجیل ہمیں ایسا کرنے کی نصیحت کرتی ہے۔

انصاف کرنے کا سوال عقیدے کے معاملے پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ یہاں سوال جُھوٹے نبیوں کا ہے جس پر ہمارے خُداوند نے توجہ دلائی۔ ہم اُن کو تلاش کرنے اور نظر انداز کرنے کا گمان کرتے ہیں۔ لیکن یہ عقیدے کے علم کے بغیر اور انصاف میں علم
کے مظاہرے کے بغیر ناممکن ہے۔۔۔۔ ''ایک آدمی جو کہ پہلی اور دوسری نصیحت کے بعد بدعت آمیز ہے''۔ تُم کیسے جانو گے کہ ایک آدمی بدعت آمیز ہے یا نہیں اگر تمہار انظریہ یہ ہے کہ جب تک ایک آدمی اپنے آپ کو مسیحی کہتا ہے تو وہ مسیحی ہوتا ہے اور تُم خیال نہیں کرتے کہ وہ کس پر ایمان رکھتا ہے؟ تو پھر یوحنا کے خط پر جاؤ، یوحنا، ''محبت کا پیغمبر''۔۔۔۔۔ اگر ایک آدمی تمہارے پاس آئے جو سچا عقیدہ نہ رکھتا ہو تو تُم اُسے اپنے گھر میں مت آنے دو، تُم اُسے دُعا کا حکم نہیں دو گے اور جُھوٹے عقیدے کی مُنادی کیلئے پیسے نہیں دو گے۔ لیکن آج یہ کہنا چاہیئے تھا کہ یہ خیرات کی کمی ہے جو کہ زیادہ آداب پسند اور عیب جو ہوئی ہے۔ تاہم جدید تصور انصاف کے حوالے سے انجیل کی تعلیمات کے ساتھ سیدھا تضاد ہے۔ [25]

بدقسمتی سے بہت سے امریکی مسیحیوں نے نظم وضبط اور غیر مسیحیوں کے ساتھ غیر تعاون پر بائبل کے درس کو نظر انداز کر دیا ہے۔ انجیل سے نافرمانی کی ایک مثال و مُنادی کرنے والوں کی تحریک ہے۔ اِس نے علیحدہ کئے ہوؤں
گھٹائی کے ساتھ غیر جانبدار کہلانے والے بنیاد پرستوں کی مذہبی تعلیم کو ترک کیا اور ان کیساتھ تعاون کرنا شروع کیا جو نہ اصلاحی تھے نہ

پراٹسٹنٹ اور نہ ہی تبلیغ کرنے والے۔ مُنادی کرنے والا بائبل گرام آزاد مذہبی تعلیم، رومن کیتھولک کے ماننے والوں، اور ہر قسم کے گرجا گھر کے آدمیوں کو اپنے مسیحی جہاد میں دعوت دینے سے صدی کا بڑا نومُنادی کرنے والا بن گیا۔ اِس تعاون کے گُناہ کے نتائج ہمارے چاروں طرف ہیں: آج مسیحی نومُنادی کرنے والوں کی اول اشاعت، تحریکِ نسواں، عدمِ تقلید، آرمینیوسیت، یومِ خمیسی اور تقلید پسندی کا گرم خانہ ہے؛ مُنادی کرنے والے گرجا گھروں میں بہت زیادہ انحراف ہے؛ نومُنادی کرنے والے تعلیمی اداروں میں تحریکِ نسواں اور سماجیت کا دور دورہ ہے؛ نومُنادی کرنے والے گرجا گھر مُنادی کرنے والوں اور کیتھولک کے ماننے والے کے ذریعے روم کے ساتھ اتحاد کو ترقی دے رہے ہیں؛ رومن گرجا گھر امریکہ میں سب سے بڑا ہے اور آہستہ آہستہ بڑھ رہا ہے؛ اور مُنادی کرنے والے پادری روم کو معنی خیز تعداد میں نقصان دے رہے ہیں۔ نومُنادی کرنے والے سوچتے تھے کہ وہ خُدا سے زیادہ تیز ہیں اور تقلید پسند اداروں پر عبور حاصل کرنے کیلئے ان میں سرایت کرسکتے ہیں۔ غیر مسیحیوں کے ساتھ تعاون کرنے سے وہ اپنی مسیحیت کھو بیٹھے۔

نتیجہ

آج کے گرجا گھر اور عبادت گزار میں شعور کی کمی ہے کیونکہ اُن میں علم اور حکمت کی کمی ہے۔ اُن میں علم اور حکمت کی کمی کی دو وجوہات ہیں: امریکہ میں خُدا کے کلام کی مُنادی کا قحط ہے، اور گرجا گھر کے آدمی اور عبادت گزار منطق، وضاحت، تعریف اور درستگی سے نفرت کرتے ہیں۔ خُدا کے کلام کی مُنادی اور سُننے کا قحط ہے اور منطق کو حقیر سمجھا جاتا ہے کیونکہ خُدا ظاہری طور پر ہمیں تباہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، یا تو عارضی طور پر یا دائمی یا دونوں طرح۔ اِس حالت کو بہتر کرنے کا واحد راستہ حکمت کیلئے خُدا سے معافی مانگنے اور خُدا کو پکارنے سے جو خُود سچائی ہے کے ذریعے کُفر کے گُناہ، بے شعوری کے گُناہ، اخلاقی مادہ پرستی کے گُناہ، خاموشی کے گُناہ اور تعاون کے گُناہ سے نادم ہوتا ہے۔

اگر کوئی تم میں سے حکمت کی کمی کا شکار ہے تو خُدا کو پکارے جو سب کچھ بغیر ذلیل کئے مُفت دیتا ہے تو یہ اسے ملے گی۔ لیکن اسے بغیر شک وشبہ کے ایمان میں پکارو، کیونکہ جو شک میں پڑتا ہے وہ سمندر کی اس لہر کی طرح ہے جو ہوا سے چلتی اور اُلٹ جاتی ہے۔ لیکن وہ یہ نہ گُمان کرے کہ وہ خُدا سے کوئی چیز حاصل کرلے گا؛ کیونکہ وہ دوہرا ذہن رکھنے والا بندہ ہے جو اپنے تمام کاموں میں غیر مستحکم ہے۔

25 سٹڈیز اِن دی سرمن اون دی ماؤنٹ، 1960، II، 165-164۔